بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور

مراسلہ نمبر: 37۔رجسٹریشن   مورخہ: 14۔مئی۔2019ء

ترمیم شدہ۔نوٹیفکیشن

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ ترمیم شدہ (Revised) آن لائن انرولمنٹ/داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم (Class-IX) تعلیمی سیشن 2019-2021ء

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کی آن لائن انرولمنٹ/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ-/800 روپے اور پروسیسنگ فیس مبلغ-/395 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخیں **(الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)**
i	انرولمنٹ/داخلہ برائے جماعت نہم (Class-IX) بغیر لیٹ فیس (تمام سرکاری ادارے انرولمنٹ فیس سے مستثنیٰ ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ-/395 روپے فی طالب علم/طالبہ جمع کروانے کے پابند ہوں گے)	یکم۔اپریل 2019ء تا 30۔مئی 2019ء
ii	-/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ جماعت نہم (Class-IX) میں انرولمنٹ/داخلہ (تمام سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے)	31۔مئی 2019ء تا 13۔جون 2019ء
iii	اداروں میں درج بالا تاریخوں یکم۔اپریل 2019ء تا 30۔مئی 2019ء تک داخل کئے گئے طلبا و طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن یومیہ جرمانہ مبلغ-/500 روپے کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ	ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا مگر انرولمنٹ ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان امیدواران کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ **مبلغ-/500** روپے فی BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا (Tripple Fee) فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

Result.pk

ہدایات

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارہ کو انرولمنٹ/داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔انرولمنٹ ریٹرن ''لیگل (8.5×14) سائز صفحہ پر اور لینڈ سکیپ (LANDSCAPE) پرنٹ کے علاوہ وصول نہیں کی جائے گی۔آن لائن انرولمنٹ ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے مینول (MANUAL) انرولمنٹ ریٹرن ہرگز قابل قبول نہیں ہوگی۔جماعت نہم (Class-IX) کی انرولمنٹ آن لائن کرنے کے لئے والد/والدہ/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا 'ب' فارم نمبر لازمی ہے۔دفتر ہذا ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل رجسٹر داخل خارج ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوا سکتا ہے۔سربراہان ادارہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے "کتابچہ" (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔"کتابچہ" کی قیمت مبلغ-/200 روپے تمام ادارہ جات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

ڈاکٹر ریحانہ الیاس
سیکرٹری